© rasailojaraid.com


الحاج عبدالکریم عابر (ڈیرہ اسمٰعیل خان)

# تأثرات

ہے عالمِ اسلام مصیبت میں گرفتار — اے سیدِ ابرارؐ
باہم ہوئے اک دوسرے کے درپے آزار — اے سیدِ ابرارؐ
نے انس و محبت ہے نہ اخلاص و مروت — باقی نہ اخوت
ہر بات پہ آپس میں ہیں کرنے لگے تکرار — اے سیدِ ابرارؐ
دھوکا ہے شرارت ہے رعونت ہے دغا ہے — گھر گھر یہ وبا ہے
اپنوں کی ہے گردن پہ رواں اپنوں کی تلوار — اے سیدِ ابرارؐ
ہر روز نیا فتنہ ہے ہر روز عداوت — دن رات بغاوت
افسوس کہ یہ آج کے مسلم کا ہے کردار — اے سیدِ ابرار
در پیش حوادث ہیں تو ہر لحظہ ہیں ڈاکے — ہر آن دھماکے
یہ لوگ ہیں کیا خالقِ اکبر کے پرستار — اے سیدِ ابرارؐ
حالات کی رفتار سے ہوتا ہے یہ معلوم — دنیا نہ ہو معدوم
اب عین قیامت کے نظر آتے ہیں آثار — اے سیدِ ابرار
دعوت جو دیئے جاتے ہیں یہ قہرِ خدا کو — ہر رنج و بلا کو
ہر ایک نصیحت ہوئی ان کے لئے بیکار — اے سیدِ ابرارؐ
ہے وقت کہ امت پہ ہو اک نظرِ عنایت — اے منبعِ رحمت
ہم آپ کے الطاف و کرم کے ہیں طلبگار — اے سیدِ ابرارؐ

© rasailojaraid.com